روزنامہ دنیا اسلام آباد، ہفتہ،6 جولائی 2024ء

بانی ایڈیٹر انچیف میاں عامر محمود
روزنامہ دنیا اسلام آباد

وفاقی محتسب کی پولی کلینک ہسپتال ٹو 2026 تک مکمل کرنیکی ہدایت

خالی اسامیاں 3 ماہ میں پُر، غیر حاضر سٹاف کیخلاف کارروائی کی جائے، اعجاز قریشی

اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ G-11 میں زیر تعمیر ہسپتال پولی کلینک 2 کو ٹائم فریم کے مطابق 2026 تک مکمل کیا جائے۔ انہوں نے ہسپتال میں ڈاکٹروں، نرسوں اور پیرامیڈیکل سٹاف کی 353 خالی اسامیاں قانون کے مطابق تین ماہ کے اندر پر کرنے، پولی کلینک کی 29 ڈسپنسریوں کے معیار اور کارکردگی کو بہتر بنانے، جاپان سے آنے والی ایم آر آئی مشین کو نومبر تک فنکشنل کرنے، دفتری اوقات میں ڈیوٹی سے غائب رہنے والے ڈاکٹروں اور عملے کے خلاف تادیبی کارروائی کرنے، ای این ٹی کی چار سال سے بے کار پڑی مشینوں کو فنکشنل کرنے اور ادویات کی تقسیم کا پلان تیار کر کے دینے کی ہدایت کی ہے۔ وفاقی محتسب نے یہ ہدایات پولی کلینک ہسپتال کے لئے تشکیل دی گئی معائنہ ٹیم کی رپورٹ کے بعد دی ہیں۔